وفیات

مولانا خالد محمود کو صدمہ

مؤرخہ 19 ستمبر بروز منگل مولانا خالد محمود خطیب جامع مسجد اہل حدیث حسن آباد جہلم کے والد میاں غلام علی مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم متقی، پرہیز گار اور آخر وقت تک نماز کی پابندی کرتے رہے۔ یہاں تک کہ آخری ایام میں لیٹ کر بھی نماز ادا کی اور خالق حقیقی سے جا ملے۔

حاجی محمد ارشد کیانی اور محمد یونس کیانی برادران کو صدمہ

مؤرخہ 20 اکتوبر 26 رمضان المبارک جمعۃ الوادع کو حاجی ارشد کیانی کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون مرحومہ انتہائی متقیہ اور پاکباز خاتون تھیں۔ بروقت نماز کی ادائیگی، قرآن کی تلاوت اور بہت زیادہ ذکر کرنیوالی خاتون تھیں۔ اس روز بھی مرحومہ نے روزہ رکھا، رات کو نماز عشاء اور تراویح بھی ادا کی اور حالت ذکر میں اللہ کو پیاری ہو گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

راجہ محمد یعقوب کو صدمہ

مؤرخہ 16 نومبر بروز جمعرات راجہ محمد یعقوب (مہوش ہوٹل) کا بھتیجا مسعود احمد وفات پا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم کی نماز جنازہ مولانا عطاء اللہ ثاقب نے پڑھائی۔

محمد زاھد، محمد شاہد (زاھد سینٹری) کو صدمہ

مؤرخہ 3 دسمبر بروز اتوار محمد زاھد کے کزن عمر فاروق وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم بڑے خوش اخلاق، ملنسار اور اچھی طبیعت کے مالک تھے۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

شیخ محمد اعجاز، شیخ واصف اعجاز (شیخ میڈیکل سٹور جہلم کینٹ) کو صدمہ

مؤرخہ ۹ دسمبر بروز سوموار شیخ محمد اعجاز کے بڑے بھائی اور شیخ واصف اعجاز کے تایا جان شیخ محمد الطاف وفات پا گئے انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم قرآن پاک کی تلاوت بڑے ذوق شوق سے کیا کرتے تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)